سوال

(15) سرخ رنگ کے خون کا حکم کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھے ہر ماہ چھے دن سرخ رنگ کا خون آتا ہے، اور کبھی کبھار عادت سے دو چار دن زائد، زائد خون کا رنگ بھی سرخ ہی ہوتا ہے۔ اس حالت میں نماز بارے کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محترمہ ایسی حالت کو رگ عاذل کے پھٹنے کے ساتھ نبی ﷺ نے شیطانی چونکا قرار دیا ہے۔ بایں صورت حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کے واقعہ کی بناء پر آپ کے لیے شرعی حکم یہ ہے کہ عام عورتوں کی عادت کی بناء پر چھ سات دن ماہواری کے شمار کر لیا کریں۔ باقی ایام میں باقاعدہ بعد از طہارت نماز پڑھا کریں۔ اس کی مزید تفصیل سبل السلام (۱/۳۷۴) میں دیکھی جا سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ:93

محدث فتویٰ